1B

# دیگر زبانوں اور شکلوں میں طبی معلومات

## موٹر نیورون بیماری یا کنیڈیز ڈیزیز کے شکار یا ان سے متاثرہ افرادکے لیے معلومات

اگر انگریزی آپ کی پہلی زبان نہیں ہے یا آپ کی بینائی کمزور ہے تو موٹر نیورون بیماری یا کنیڈیز ڈیزیز اور اس سلسلہ میں دستیاب مدد کی نوعیت سے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

یہ معلوماتی رسالہ وضاحت کرتا ہے کہ دیگر زبانوں یا متبادل شکلوں، جیسے بریل، بڑے حروف کی طباعت یا آڈیو، میں درست معلومات کس طرح حاصل کریں۔ یہ رسالہ ہر وقت متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اس مواد میں درج ذیل سیکشنز شامل ہیں:

**1: میں دیگر زبانوں میں معلومات کس طرح حاصل کروں؟**

**2: کیا مجھے معلومات بریل، بڑے حروف کی طباعت یا دیگر شکلوں میں حاصل ہو سکتی ہیں؟**

**3: مجھے اور کس چیز سے مدد مل سکتی ہے؟**

**4: MND ایسوسی ایشن مستقبل میں میری مدد کس طرح کر سکتی ہے؟**

**5: میں مزید جانکاری کس طرح حاصل کروں؟**

---

یہ علامت **ہماری دیگر مطبوعات** کو نمایاں کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ ان تک کس طرح رسائی حاصل کریں، اس رسالہ کے اخیر میں مزید معلومات دیکھیں۔

یہ علامت MND کے شکار یا اس سے متاثرہ دیگر افراد کی طرف سے **اقتباسات** کو نمایاں کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

Health & care information you can trust
The Information Standard Certified Member

MND ایسوسی ایشن کی تصدیق صحت اور سماجی نگہداشت سے متعلق قابل اعتماد معلومات کے تخلیق کار کے طور پر کی گئی ہے۔
**www.england.nhs.uk/tis**

علاج اور نگہداشت سے متعلق فیصلے کرتے وقت اپنی صحت اور سماجی نگہداشت کی ٹیم سے ہمیشہ صلاح لیں۔ وہ اپائنٹمنٹس میں مدد کے لیے کسی مترجم کا انتظام کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

برائے مہربانی یاد رکھیں کہ یہ اصل معلومات کا ایک ترجمہ شدہ نسخہ ہے۔ MND ایسوسی ایشن ترجمہ سے متعلق معروف خدمات کا استعمال کرتی ہے، لیکن ترجمہ میں کسی غلطی کی ذمہ داری نہیں لے سکتی۔ مزید معلومات کا ترجمہ ممکن ہو سکتا ہے، لیکن یہ ایک محدود خدمت ہے۔ تفصیلات کے لیے ہماری ہیلپ لائن MND کنیکٹ سے رابطہ کریں:

ٹیلیفون: **0808 802 6262**

ای میل: **mndconnect@mndassociation.org**

## 1: میں دیگر زبانوں میں معلومات کس طرح حاصل کروں؟

### MND ایسوسی ایشن سے

اگر آپ کو کسی منتخب زبان میں ہماری مدد درکار ہے تو ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔
آپ کو شروع میں مدد کے لیے کسی ایسے شخص کی ضرورت ہو سکتی ہے جو انگریزی بولتا ہو تاکہ ہیلپ لائن کی ٹیم آپ کی ضروریات کو سمجھ سکے۔ تاہم، پھر وہ کسی ایسے ترجمان کے ساتھ ٹیلیفون کال کا انتظام کر سکیں گے جو آپ کے لیے ترجمہ کر سکے۔

**MND کنیکٹ**

ٹیلیفون: 0808 802 6262

ای میل: mndconnect@mndassociation.org

ہم اپنا وسیلہ **موٹر نیورون بیماری کا تعارف** متعدد زبانوں میں پیش کرتے ہیں۔ مذکورہ بیماری سے متعلق اس عمومی جائزہ میں اس مدد کی نوعیتوں کے بارے میں معلومات شامل ہیں جو انگلینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں دستیاب ہیں۔

اگر آپ کو کنیڈیز ڈیزیز ہے اور آپ معلوماتی رسالہ 2B - *کنیڈیز ڈیزیز* کسی دیگر زبان میں چاہتے ہیں تو مدد کے لیے MND کنیکٹ سے رابطہ کریں۔

اس رسالہ کے ساتھ ساتھ، ہم درج ذیل معلوماتی رسائل بھی دیگر زبانوں میں فراہم کرتے ہیں:

- 7A – نگلنے سے متعلق پریشانیاں
- 7B – ٹیوب فیڈنگ
- 8A – سانس کی پریشانیوں سے متعلق مدد
- 8B – موٹر نیورون بیماری (MND) کے لیے وینٹیلیشن

ہماری ترجمہ شدہ مطبوعات درج ذیل سے ڈاؤن لوڈ کریں: **www.mndassociation.org/languages** یا MND کنیکٹ سے مطبوعہ صورت میں ان کا آرڈر دیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں، ہم ترجمہ سے متعلق معروف خدمات کا استعمال کرتے ہیں، لیکن ترجمہ میں کسی غلطی کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔

اگر آپ کو مذکورہ بالا چیزوں میں سے کوئی بھی چیز ان کے علاوہ دیگر زبانوں میں مطلوب ہو جن میں ہم انہیں فراہم کرتے ہیں تو MND کنیکٹ کو مطلع کریں۔ ہم علاج اور نگہداشت سے متعلق کوئی اہم فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کے لیے کسی دیگر معلوماتی رسالہ، یا کسی بڑے ہدایت نامہ کے کسی سیکشن، کا ترجمہ بھی کر سکتے ہیں۔

"آپ کی معلومات سے ہمیں شامل ہونے، حتی کہ علاج سے متعلق بات چیت میں ڈاکٹروں اور نرسوں کو چیلنج کرنے، میں مدد ملی تھی۔"

### صحت اور سماجی نگہداشتکے اپائنٹمنٹس میں

علاج اور نگہداشت سے متعلق فیصلے کرتے وقت، صحت اور سماجی نگہداشت کے ان پیشہ ور لوگوں سے اختیارات کے بارے میں بات کرنا اہم ہے جو آپ کی مدد کرتے ہیں۔ اگر وہ آپ کی زبان نہیں بولتے ہیں تو یہ کام مشکل ہو سکتا ہے۔ تاہم، صحت نگہداشت فراہم کنندگان کے لیے ایسی معقول تبدیلیاں کرنا ضروری ہے جن سے لوگوں کو یہ بات چیت سمجھنے میں مدد ملے۔

وہ اپائنٹمنٹس، خاص طور پر طبی اپائنٹمنٹس، میں مدد کرنے کے لیے کسی مترجم کا انتظام کر سکتے ہیں۔ بہت سی جی پی سرجریاں اور اسپتالیں عموماً ترجمانی خدمات فراہم کرتی ہیں، جبکہ کچھ دیگر یہ خدمات صرف درخواست کرنے پر ہی فراہم کریں گے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ زبان سے متعلق ضروریات کی وجہ سے آپ کا ڈاکٹر ہمیشہ آپ کی پریشانیاں نہیں سمجھ پاتا ہے تو اپنی جی پی سرجری سے درخواست کریں کہ وہ آپ کے اپائنٹمنٹ میں ایک ترجمان کے موجود رہنے کا انتظام کرے۔ آپ کو اسے پیشگی کرنے کی ضرورت ہوگی، تاکہ انتظامات کیے جا سکیں۔ اگر آپ کے نزدیک کسی مرد یا پھر خاتون ترجمان کا ہونا اہم ہے تو انہیں مطلع کریں۔

اگرچہ تربیت یافتہ ترجمان فراہم کرنا ہیلتھ سروس کی قانونی ذمہ داری ہے، تاہم آپ اپنی ترجمانی کے لیے خاندان کے کسی فرد کو ترجیح دے سکتے ہیں۔ آپ کی خواہشات کا احترام کیا جائے گا۔ اگر آپ کے جی پی یا اسپتال کی طرف سے تحریری معلومات فراہم کی جاتی ہیں تو یہ بھی آپ کی پہلی زبان میں طلب کی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ انگلینڈ یا ویلز میں سماجی نگہداشت کی تشخیص کرا رہے ہیں تو اپنی لوکل اتھارٹی سے ترجمانوں کے بارے میں پوچھیں۔ شمالی آئرلینڈ میں اپنے مقامی صحت اور سماجی نگہداشت ٹرسٹ سے پوچھیں۔ زیادہ تر صورتوں میں وہ اس کا انتظام کرنے کی کوشش کریں گے، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی تشخیص منصفانہ ہو اور آپ کی ضرورتوں کے مطابق ہو۔

اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو مزید رہنمائی کے لیے آپ MND اسکاٹ لینڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
رابطہ کی تفصیلات کے لیے اس رسالہ کے اخیر میں *مزید معلومات* دیکھیں۔

### دیگر تنظیموں اور ویب سائٹوں سے

ویب سائٹوں پر خود کار ترجمہ کبھی کبھی معاون ہو سکتا ہے، لیکن ہو سکتا ہے وہ درست نہ ہو اور گمراہ کن بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم، کچھ تنظیمیں متعدد زبانوں میں معلومات فراہم کرتی ہیں۔ ان کی ویب سائٹ پر نظر ڈالیں یا کسی کو اپنی طرف سے کسی تنظیم سے رابطہ کرنے کے لیے کہیں۔

## 2: کیا مجھے معلومات بریل، بڑے حروف کی طباعت یا دیگر شکلوں میں حاصل ہو سکتی ہیں؟

### MND ایسوسی ایشن سے

ہماری معلومات اور دستیاب شکلوں سے متعلق رہنمائی کے لیے ہماری ہیلپ لائن، MND کنیکٹ، سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون: 0808 802 6262
ای میل: mndconnect@mndassociation.org

وہ درج ذیل تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے

ہیں۔

**بریل:**
جیسا کہ ہمارے ترجمہ شدہ وسائل کا معاملہ ہے، آپ ہمارے معلوماتی رسالہ یا ہدایت ناموں کے سیکشنز کی نقلیں بریل میں طلب کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں، ہم بریل سے متعلق معروف خدمات کا استعمال کرتے ہیں، لیکن پروڈکشن میں کسی غلطی کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔

**بڑے حروف کی طباعت:**
ہمارے چھوٹے کارڈوں اور مختصر کتابچوں کے علاوہ، ہماری تمام معلومات میں کم سے کم 12 پوائنٹ کا فونٹ استعمال کیا جاتا ہے اور ان تک آن لائن رسائی حاصل کی جا سکتی ہے جہاں آپ دیکھنے کا سائز بڑھا سکتے ہیں۔

درج ذیل چیزیں بڑے حروف کی طباعت (16 پوائنٹ یا اس سے زیادہ) میں پیش کی جاتی ہیں:

- موٹر نیورون بیماری *(MND)* کا ایک تعارف
- موٹر نیورون بیماری *(MND)* سے متعلق آسانی سے پڑھا جانے والا ایک ہدایت نامہ

**آڈیو:**
موٹر نیورون بیماری *(MND)* کا ایک تعارف آڈیو ریکارڈنگ کی شکل میں انگریزی میں دستیاب ہے۔ آپ اس ساؤنڈ کلاؤڈ تک درج ذیل پر رسائی حاصل کر سکتے ہیں:

**https://soundcloud.com/mndassoc/mnd-audiobook**

ہمارے وسائل کی مزید ریکارڈنگس 2019 میں مہیا کی جائیں گی۔

**آسانی سے پڑھا جانے والا [E-read]:**
2019 میں ہم، اپنے معلوماتی کتابچوں اور دیگر وسائل کے لیے، ایک آسانی سے پڑھا جانے والا فارمیٹ متعارف کرائیں گے۔ یہ فارمیٹ اسمارٹ فون، ٹیبلیٹ یا لیپ ٹاپ پر آسانی سے پڑھا جا سکے گا، کیوں کہ جب آپ متن کا سائز بڑھائیں گے تو متن کی نقل و حرکت خود کار طور پر تبدیل ہو کر صفحہ پر فٹ ہو جائے گی۔

## صحت اور سماجی نگہداشتکے اپائنٹمنٹس میں

جی پی سرجریوں، طبی خدمات کے ذریعہ یا سماجی نگہداشت کی تشخیصات میں پیش کردہ معلومات بھی بریل، بڑے حروف کی طباعت یا دیگر شکلوں میں دستیاب ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ کو کوئی ایسی معذوری ہے جو آپ کے لیے پڑھنے اور معلومات کا اطلاق کرنے کو مشکل بناتی ہے تو اپنی ضروریات کی وضاحت کریں۔ اس صورت میں، صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات کا عام طور پر نگہداشت کے تئیں یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ آپ فیصلہ کرنے سے متعلق ان معلومات تک رسائی رکھ سکیں اور اسے سمجھ سکیں جو وہ پیش کرتے ہیں۔

درج ذیل وسائل اس بارے میں انگریزی میں تفصیلات فراہم کرتے ہیں کہ نگہداشت کے تئیں اس فرض کا بندوبست کس طرح کیا جاتا ہے:

**انگلینڈ کے لیے**
**قابل رسائی معلومات کا معیار** درج ذیل پر دیکھیں:
**www.england.nhs.uk/ourwork/accessibleinfo**

**ویلز کے لیے**
**حسی اتلاف والے لوگوں کے لیے ترسیل ومعلومات کے لیے ویلز کے تمام معیار** دیکھیں۔
یہ درج ذیل پر انگریزی اور ویلش دونوں میں دستیاب ہے۔
**gov.wales/topics/health/publications/health/guidance/standards/?lang=en**

شمالی آئرلینڈ کے لیے
درج ذیل پر **تمام لوگوں کے لیے ترسیل کو قابل رسائی بنانا -**
**ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر (HSC) کے عملہ کے لیے ایک ہدایت نامہ** دیکھیں:
**www.belfasttrust.hscni.net/pdf/making_communication_accessible_to_all.pdf**

## 3: مجھے اور کس چیز سے مدد مل سکتی ہے؟

### نطق اور ترسیل کی تشخیص

MND نطق اور ترسیل کو متاثر کر سکتی ہے، جس سے بات کرنا یا اشارے اور چہرے کے تاثرات کا استعمال کرنا اور زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔ کنیڈیز ڈیزیز بھی آپ کے انداز گفتگو کو متاثر کر سکتی ہے۔

اگر آپ کو پریشانیاں پیش آنا شروع ہو جائیں تو تشخیص کے لیے اپنے ڈاکٹر سے نطق اور زبان کے معالج کے پاس ریفرل کے لیے کہیں۔ وہ معالجہ اور ترسیل سے متعلق امدادی آلات کے بارے میں صلاح دے سکتے ہیں، جو عام چیزوں، جیسے تصویری یا متنی بورڈ، سے لے کر کمپیوٹر سافٹ ویئر کے ذریعہ مزید تفصیلی مدد تک ہو سکتی ہے۔

آپ صوتی بینکنگ اور میسیج بینکنگ پر بھی رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کمپیوٹر ڈوائسیز کے واسطہ سے جملے بولنے کے لیے اپنی ریکارڈ شدہ آواز کا استعمال کر سکیں۔

MND کی موجودگی میں نطق اور ترسیل کے بارے میں مزید تفصیل کے لیے، دیکھیں:

- سیکشن 8: ہمارے ہدایت نامہ **موٹر نیورون بیماری کے ساتھ زندگی گزارنا** سے نطق اور ترسیل
- معلوماتی رسالہ 7C - نطق اور ترسیل سے متعلق مدد
- معلوماتی رسالہ 7D - صوتی بینکنگ

### تحریری نوٹ فراہم کرنا

اگر آپ کا نطق متاثر ہے یا آپ انگریزی نہیں بول سکتے ہیں تو آپ کے لیے لوگوں کو پیشگی تحریر شدہ نوٹ فراہم کرنا معاون ہو سکتا ہے تاکہ لوگوں کو آپ کی ضروریات سمجھنے میں مدد مل سکے۔ آپ یہ نوٹ ان سارے لوگوں کو اپنی ترجیحی زبان اور انگریزی دونوں میں فراہم کر سکتے ہیں جو آپ کی نگہداشت میں شامل ہیں۔ آپ کو کسی رشتہ دار، دوست یا مترجم سے اپنی مدد کرنے کے لیے کہنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اس طرح کا نوٹ اس وقت فائدہ مند ہو سکتا ہے جب آپ:

- اپائنٹمنٹس میں شرکت کر رہے ہوں
- سفر کر رہے ہوں یا اپنے عام معمول پر عمل کر رہے ہوں
- سماجی تقریبات میں ہوں۔

متن کے درج ذیل دو ٹکڑے فائدہ مند ہو سکتے ہیں:

**میرے لیے ترسیل مشکل ہے کیوں کہ مجھے موٹر نیورون بیماری/کنیڈیز ڈیزیز ہے۔ میں اس زبان میں بھی بات کرتا ہوں:**
(اپنی ترجیحی زبان کا نام یہاں درج کریں)۔

**اگر آپ میری زبان نہیں بول سکتے اور آپ کے لیے مجھ سے بات کرنا ضروری ہے**
**تو میرا نگہدار/رشتہ دار/ڈاکٹر مدد کر سکتا ہے۔ برائے مہربانی رابطہ کریں:** (رابطہ کی تفصیلات یہاں درج کریں)۔

یہاں متن کے ان دونوں ٹکڑوں کا ایک ورژن انگریزی میں دیا جاتا ہے، تاکہ انگریزی پڑھنے والے لوگوں کو آپ کی ضروریات سمجھنے میں مدد مل سکے۔ ان میں سے ایک MND کے لیے ہے اور ایک کنیڈیز ڈیزیز کے لیے، جو بھی موزوں ہو۔ خالی جگہوں میں بس اپنی زبان کا نام اور رابطہ کی تفصیلات درج کر دیں۔ اس ورقچہ کا استعمال کریں یا کسی نوٹ پیڈ میں نقل کر لیں:

**موٹر نیورون بیماری کے لیے:**

**I find it difficult to communicate because I have motor neurone disease. I also speak Urdu.**

**If you cannot speak my language and need to communicate with me, my carer/relative/doctor can help. Please contact:**

منتخب رابطہ کی تفصیلات یہاں درج کریں:

**کنیڈیز ڈیزیز کے لیے:**

**I find it difficult to communicate because I have Kennedy's disease. I also speak Urdu.**

**If you cannot speak my language and need to communicate with me, my carer/relative/doctor can help. Please contact:**

منتخب رابطہ کی تفصیلات یہاں درج کریں:

### آسانی سے پڑھا جانے والا

ہماری اشاعت *موٹر نیورون بیماری سے متعلق ہمارا آسانی سے پڑھا جانے والا ہدایت نامہ* معاون ہو سکتا ہے، اگر:

- آپ انگریزی میں آسان متن پڑھنا چاہتے ہیں
- آپ کو بڑے حروف کی طباعت اور چھوٹے جملوں کی ضرورت ہے
- آپ کو یا کسی ایسے شخص کو آموزشی دشواریاں لاحق ہیں جسے آپ جانتے ہیں۔

درج ذیل پر ہدایت ناموں کا انتخاب کریں: **www.mndassociation.org/careinfo** آسانی سے پڑھا جانے والا ہدایت نامہ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یا مطبوعہ صورت میں ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن سے آرڈر کرنے کے لیے (رابطہ کی تفصیلات کے لیے اس رسالہ کا آخری حصہ دیکھیں)۔

## 4: MND ایسوسی ایشن مستقبل میں میری مدد کس طرح کر سکتی ہے؟

ہم ایک رفاہی ادارہ ہیں جو انگلینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں MND کے شکار یا اس سے متاثرہ تمام افراد کی زندگیاں بہتر بنانے کے لیے وقف ہیں۔ ہم کنیڈیز ڈیزیز کے شکار یا اس سے متاثرہ افراد کی بھی مدد کرتے ہیں، جن میں ملتی جلتی علامات پائی جاتی ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ لوگوں کی ترجیحات، حالات اور عقائد مختلف ہوتے ہیں، جو اس پر اثر انداز ہوتے ہیں کہ آپ کس طرح نگہداشت اور مدد فراہم کیا جانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ کو خصوصی مدد کی ضرورت ہو تو ہماری سروس ٹیموں کو مطلع کریں۔ چوں کہ ہو سکتا ہے ہم آپ کی زبان نہ بولتے ہوں، اس لیے آپ کو کسی ایسے شخص کی ضرورت پڑ سکتی ہے جو آپ کی طرف سے ہم سے رابطہ کر سکے۔

ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن (رابطہ کی تفصیلات کے لیے رسالہ کا آخری حصہ دیکھیں) آپ کو ہماری خدمات سے متعارف کرا سکتی ہے، اگر دستیاب ہو، بشمول:

- رضاکارانہ ایسوسی ایشن کے ملاقاتی، جو ٹیلیفون، ای میل یا گھر پر ملاقات کے ذریعہ معلومات اور مدد فراہم کر سکتے ہیں، اگر دستیاب ہیں۔
- مقامی شاخیں یا گروپ، جہاں آپ ایسے دیگر لوگوں سے مل سکتے ہیں جو MND سے متاثر ہیں
- نگہداشت کے فروغ سے متعلق علاقائی صلاح کاران، جو صحت اور سماجی نگہداشت سے متعلق مقامی خدمات پر اثر انداز ہونے میں مدد کرتے ہیں
- ہماری سپورٹ سروسیز ٹیم، جو اس صورت میں لون، یا امدادی عطیہ پر کچھ مخصوص آلات فراہم کر سکتی ہے، جب صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات مہیا نہ کر سکیں (زیادہ تر صورتوں میں، آپ کی ضروریات کی تشخیص کے بعد صحت اور سماجی نگہداشت کے کسی پیشہ ور فرد کی طرف سے درخواست کیا جانا لازمی ہے)۔
- جزوی طور پر فنڈ پانے والے MND کیئر سنٹرز اور نیٹ ورکس، جو خصوصی مدد اور مربوط نگہداشت فراہم کرتے ہیں (علاقائی نیورولوجیکل سروسیز کے واسطہ سے بھی فراہم کی جاتی ہے)
- ہماری ویب سائٹ اور معلوماتی وسائل: **www.mndassociation.org**
- ہمارا آن لائن فورم: **http://forum.mndassociation.org**جو MND سے متاثرہ دیگر افراد کے ساتھ تجربات اور تعاون شیئر کرنے کے لیے ایک محفوظ جگہ فراہم کرتا ہے (یہ انگریزی میں ہے، اس لیے آپ کو فورم کی پوسٹ پڑھنے یا لکھنے میں مدد کے لیے کسی کی ضرورت پڑ سکتی ہے)
- رکنیت، جو MND یا کنیڈیز ڈیزیز کے ساتھ زندگی گزارنے والے لوگوں یا ان کے ازواج، پارٹنرز اور نگہداران کے لیے مفت ہے (اس میں ہماری سالانہ عمومی میٹنگ میں ووٹ دینے کے حقوق بھی شامل ہیں)

## 5: میں مزید جانکاری کس طرح حاصل کروں؟

### کارآمد تنظیمیں

ہم درج ذیل تنظیموں میں سے کسی کی بھی خواہ مخواہ توثیق نہیں کرتے ہیں، بلکہ آپ کی مزید معلومات کی تلاش میں آپ کی مدد کرنے کے لیے انہیں شامل کر دیا ہے۔ اگر وہ آپ کی زبان نہیں بولتی ہیں تو آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے کہ آپ اپنی طرف سے کسی اور کو ان سے رابطہ کرنے کے لیے کہیں۔

طباعت کے وقت رابطہ کی تفصیلات درست ہیں، لیکن نظرثانیوں کے دوران تبدیل ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی تنظیم تلاش کرنے میں مدد درکار ہے تو ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں (تفصیلات کے لیے اس رسالہ کا آخری حصہ دیکھیں)۔

**ایڈوائس ناؤ (Advice Now)**
حقوق اور قانونی مسائل پر آن لائن معلومات۔

ویب سائٹ: **www.advicenow.org.uk**

**سٹیزنس ایڈوائس (Citizens Advice)**
قانونی، مالی اور دیگر پریشانیوں کے تصفیہ میں مدد کے لیے مفت، رازدارانہ صلاح۔ مقامی شاخیں ویب سائٹ پر تلاش کریں۔

ٹیلیفون: 03444 111 444 (انگلینڈ، یا اپنے مقامی سٹیزنس ایڈوائس بیورو سے رابطہ کریں)
0344 477 2020 (ویلز)
ویب سائٹ: **www.citizensadvice.org.uk** (انگلینڈ)
**www.citizensadvice.org.uk/wales** (ویلز)
**www.citizensadvice.org.uk/nireland**(شمالی آئرلینڈ)

**ڈس-ایبیلیٹی ایکشن (Disability Action)**
شمالی آئرلینڈ کا ایک رفاہی ادارہ جو معذور لوگوں کے حقوق کے لیے کام کرتا ہے۔

ٹیلیفون: 028 9029 7880
ای میل: hq@disabilityaction.org
ویب سائٹ: **www.disabilityaction.org**

**ڈس-ایبیلیٹی لاء سروس (Disability Law Service)**
معذوری سے متعلق قانون کے بارے میں مدد۔

ٹیلیفون: 020 7791 9800
ای میل: advice@dls.org.uk
ویب سائٹ: **www.dls.org.uk**

**GOV.UK**
انگلینڈ اور ویلز میں منافع اور معاونت سے متعلق حکومت کی طرف سے آن لائن معلومات۔
ویب سائٹ: **www.gov.uk**

**NHS چوائسیز (NHS Choices)**
صحت اور صلاح نیز معلومات کے لیے، یومیہ 24 گھنٹے، سال میں 365 دن۔

ٹیلیفون: 111، انگلینڈ میں اور ویلز کے کچھ حصوں میں فوری، لیکن غیر ایمرجنسی طبی صلاح کے لیے
ویب سائٹ: **www.nhs.uk**

**NHS ڈائریکٹ ویلز** (NHS DirectWales)
NHS 111 ہی کی طرح، لیکن ویلز کے لیے۔

ٹیلیفون: 0845 4647، یا 111 اگر آپ کے علاقہ میں دستیاب ہو
ویب سائٹ: **www.nhsdirect.wales.nhs.uk**

**ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر شمالی آئرلینڈ (Health and Social Care Northern Ireland)(NHS شمالی آئرلینڈ)**
شمالی آئرلینڈ میں صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات کے بارے میں آن لائن معلومات

ای میل: ویب سائٹ کے رابطہ کے صفحہ کے واسطہ سے
ویب سائٹ: **www.hscni.net**

**NI ڈائریکٹ (NI Direct)**
شمالی آئرلینڈ میں صحت اور سماجی نگہداشت کے بارے میں حکومت کی طرف سے معلومات

ای میل: ویب سائٹ کے رابطہ کے صفحہ کے واسطہ سے
ویب سائٹ: **www.nidirect.gov.uk**

**ترجمہ کی خدمات**
ترجمہ کی خدمات مہنگی ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ ترجمہ کی خدمات خریدنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو اپنے ڈاکٹر کی سرجری، لوکل اتھارٹی، یا شمالی آئرلینڈ کے لیے اپنی صحت اور سماجی نگہداشت کے ٹرسٹ سے درخواست کریں۔ ہو سکتا ہے کہ ان کے پاس ایسے ترجیحی سپلائر ہوں جنہیں وہ استعمال کرتے ہوں۔

## حوالہ جات

ان معلومات کی تائید میں استعمال کیے جانے والے حوالہ جات درخواست کرنے کی صورت میں درج ذیل سے دستیاب ہیں:
ای میل: infofeedback@mndassociation.org

یا اس پتہ پر لکھیں:
Information feedback, MND Association, PO Box 246, Northampton NN1 2PR


## اظہار تشکر

ان معلومات کے ضمن میں درج ذیل لوگوں کی قیمتی رہنمائی کے لیے ان کا بہت بہت شکریہ:

رتھ گلیو، نیٹ ورک لیڈ کوآرڈینیٹر برائے MND، موریسٹن ہاسپٹل، سوان سی، ویلز

لیزلی جونسٹن، ایڈوائس انفارمیشن آفیسر، کیئررز ناردرن آئرلینڈ

## مزید معلومات

ہم متعدد موضوعات پر معلوماتی رسائل اور اشاعتیں فراہم کرتے ہیں۔

آپ درج ذیل پتہ پر ہماری ویب سائٹ سے ہماری زیادہ تر اشاعتیں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں:
**www.mndassociation.org/publications**یا MND کنیکٹ سے مطبوعہ صورت میں آرڈر کریں
ہیلپ لائن۔ ہیلپ لائن ٹیم ہماری معلومات سے متعلق سوالات کے جواب دے سکتی ہے، آپ کی زبان سے متعلق ضروریات پر بات کر سکتی ہے، ہماری خدمات یا دیگر معاونت تک آپ کی رہنمائی کر سکتی ہے۔ اگر وہ آپ کی زبان نہیں بولتے ہیں تو آپ کسی اور کو اپنی طرف سے ان سے رابطہ کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں:

**MND کنیکٹ (MND Connect)**
ٹیلیفون: 0808 802 6262
ای میل: mndconnect@mndassociation.org
MND Association, PO Box 246, Northampton NN1 2PR

**MND ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ اور آن لائن فورم**
ویب سائٹ: **www.mndassociation.org**
آن لائن فورم: **http://forum.mndassociation.org** یا اس ویب سائٹ کے واسطہ سے

آخری نظرثانی: 11/18
اگلی نظرثانی: 11/21
ورژن: 1

رجسٹرڈ چیرٹی نمبر 294354
کمپنی لمیٹیڈ بائی گارنٹی نمبر 2007023
© MND ایسوسی ایشن 2015